Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۴۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۶ محرم الحرام ۱۳۳۵ھ مطابق ۱۳ نومبر ۱۹۱۶ء	جلد ۲۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ عنوان	نمبر صفحہ
۱	ممانعت پیشی [illegible] وکیل از پیروی مقدمات عدالت دیوانی	۱ و ۲
۲	خدمت صاحب [illegible] ضلع	۲
۳	رخصت [illegible] صاحب [illegible]	״
۴	[illegible]	״
۵	رخصت [illegible]	

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

واقع ۲۳ اکتوبر ۱۹۱۶ء

مشمولہ یادداشت مفتی صاحب دیوانی بشکایت [illegible]

وکیل درجہ دوم بمقدمہ امانت اسد خان مدعی بنام شمس الدین خان

مدعا علیہ

اس وکیل کی پہلے چند بار شکایت آچکی ہے اور اس پر ایک مرتبہ جرمانہ بھی

ہوچکا ہے مگر وہ متنبہ نہیں ہوتا لہذا حسب رپورٹ مفتی صاحب دیوانی

یوسف علی وکیل درجہ دوم تا حکم ثانی عدالت مفتی صاحب دیوانی مین پیروی مقدمات سے ممنوع کیا جاتا ہے اور اُسکو آگاہ کیا جاتا ہے کہ جسقدر مقدمات مفتی صاحب دیوانی کے اجلاس مین اُسکے متعلق ہون اور اُنمین محنتانہ جو اُسنے لیا ہے وہ اپنے مؤکلون کو واپس کرکے اپنی عدم پیروی سے مطلع کردے۔ مفتی صاحب دیوانی اس حکم سے وکیل مذکور کو مطلع کردین۔ نقل حکم بغرض اطلاع بخدمت مفتی صاحب دیوانی مرسل ہو۔ اور مثل ہی واپس ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۱ نومبر سنہ ۱۹۱۶ء

رخصت یکہفتہ صاحب مجسٹریٹ ضلع ۱۶ نومبر سنہ ۱۹۱۶ء سے بغرض شرکت دربار گورنمنٹی منظور کی گئی۔ ایام رخصت مین معمولی کام صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول کرینگے۔ سماعت و تصفیۂ مقدمات تا واپسی ملتوی رہینگے۔

رخصت

۱۱ نومبر سنہ ۱۹۱۶ء

پندرہ روز کی رخصت رجسٹرار صاحب صدر کی بوجہ علالت منظور ہوئی ایام رخصت مین مفتی صاحب دیوانی رجسٹری صدر کا کام کرینگے۔

اخراج اسماء وکلا

۱۲ نومبر سنہ ۱۹۱۶ء

مولوی شریف الدین وکیل درجہ اول اور منشی انور علی خان وکیل درجہ سوم کا نام بوجہ انتقال اور منشی احمد حسین و منشی وزیر الدین وکلاء درجہ اول و منشی کلیان راے و محمد تقی خان وکلاء درجہ سوم کا نام بباعث نکرانے تجدید سند وکالت۔ رجسٹر وکلا سے خارج کیا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

یکم نومبر سنہ ۱۹۱۶ء

رخصت گیارہ یوم گردھاری لال محرر پاندان خانہ بضرورت گنگا اشنان حسب تصدیق صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص بکارگذاری سید احسان علی منظور ہوئی۔

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا